**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکوپریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# آئیسکوریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 07 اگست 2026ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول۔

اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی ( آئیسکو ) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سالانہ سسٹم مینٹیننس/ڈویلپمنٹ ورکس/اے ایم آئی میٹرز تنصیب کے باعث آئیسکوریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔

07 اگست 2026 کو راولپنڈی کینٹ سرکل میں صبح 6 بجے سے 10 بجے تک سگری اور کلر سیداں فیڈرز، اٹک سرکل میں صبح 5 بجے سے دوپہر 12 بجے تک حسین آباد، لالہ زار اور انڈسٹریل اسٹیٹ بٹھر فیڈرز، چکوال سرکل میں صبح 6 بجے سے دوپہر 12 بجے تک جمال وال، مینگن، کریالہ اور کے ایس ایم یونٹ-3 فیڈرز بند رہیں گے۔ جی ایس او سرکل میں صبح 8 بجے سے شام 5 بجے تک 132 کے وی گرڈ اسٹیشن راوت-II کے پاور ٹرانسفارمر ٹی-2، صبح 9 بجے سے شام 4 بجے تک 132 کے وی اے ڈبلیو سی ایچ ایم سی ٹیکسلا اور 132 کے وی سنگجانی-برہان، جبکہ صبح 8 بجے سے شام 6 بجے تک 132 کے وی کہوٹہ سٹی-پلندری اور 132 کے وی نیو واہ-بہتر موڑ، اور ملحقہ علاقوں میں بھی بجلی بند رہے گی۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ اگر کام مقررہ وقت سے پہلے مکمل ہو گیا تو بجلی کی فراہمی شیڈول وقت سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

پریس ریلیز نمبر: 06-08/2026